سوال

صاحب قرض مل نہیں سکا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا بھائی فوت ہوگیا ہے اوران کے ذمہ بہت سے قرض تھے جوکہ الحمدللہ میں نے ادا کردیئے ہیں اوراب صرف چار سوریال باقی رہ گئے ہیں اوروہ جس شخص کے ہیں، اسے میں نے بہت ڈھونڈا ہے لیکن وہ مجھے نہیں ملا تواس صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟ کیا میں یہ رقم فقراء میں تقسیم کردوں یا بیت المال میں جمع کرادوں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگرامر واقع اسی طرح ہے جیساکہ آپ نے ذکرکیا ہے کہ آپ نے صاحب قرض کوتلاش کیا لیکن وہ نہیں ملا توآپ اسے اس کی طرف سے صدقہ کردیں تاکہ اسے اس کا ثواب مل جائے اوراگربعد میں وہ آجائے تواسے آپ بتادیں۔ اگروہ اس پرراضی ہوجائے توبہتر ورنہ اسے اس کی رقم ادا کردیں اورآپ کواس صدقہ کی ہوئی رقم کاان شاء اللہ اجروثواب مل جائے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج2ص544

محدث فتویٰ